Serialize : سلسلہ واری تکنیک کے مطابق ترتیب دینا۔

Series : بارہ سُروں اور سرتیوں والا سرگم جس پر کسی سلسلۂ نغمات کی بنیاد ہو۔

Serinette : ایک استوانی ساز جو دس سے تیرہ درجہ بلند سطح کی آواز نکالتا ہے۔ اسے ماضی میں پرندوں کو گانا سکھانے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔

Serpent : ایک پرانا بھاری سروں والا پھونک کر بجانے کا ساز جو لکڑی پر چمڑا منڈھ کر بنایا جاتا ہے۔

Serre(Fr.) : تیز ہوتی ہوئی تال کے ساتھ۔

Set : 1: یہ اصطلاح عام طور پر atonal music کے لئے استعمال ہوتی ہے جس کا مطلب سُروں کا چھوٹا مجموعہ ہے جو ایک ترتیب اور تجزیہ نگار کی نظروں میں ساختیاتی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔
2: گانے کے لئے موسیقی کے بول لکھنا۔

Seventh : (الف) سپتک، سات سُروں کا سرگم۔
(ب) کسی سُر سے مثلاً B تا C سپتک کے فاصلے پر واقع۔

Sextet : 1: چھ آوازوں یا سازوں کے لئے باندھی گئی دھن۔
2: اس دھن کو گانے یا بجانے والا ٹولہ۔ 3: چھ کی ٹولی یا مجموعہ۔

Sextuplet : سپتک کے کوئی چھ سُر جو چار کی تال میں بجائے جائیں۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Sfogato(It.) : طرز میں ہلکی اور آسان موسیقی۔

Sforzando,sforzato(It.) : (الف) ہدایت: اچانک زور دیا جائے یا جس پر سم آئے۔ (ب) آواز کو اٹھانے اونچا کرنے کا عمل۔

Shake : تھر تھراہٹ۔ سُر کی لرزش۔

Sharp : (الف) عام سپتک سے اونچی آواز۔
(ب) جس میں متواتر بم آئے خصوصاً شناختی سُروں میں زور پیدا کرنے کے لئے۔ تیور سُر۔

Shawn : ایک طرح کا دوہری نلکیوں والا الغوزہ۔

Sheet music : 1: تحریری نہ کہ ریکارڈ شدہ موسیقی یا موسیقی کی بابت کتابیں وغیرہ۔
2: الگ الگ صفحات پر مطبوعہ موسیقی۔

Shofar(Heb.) : مینڈھے کے سینگ کا ناقوس جو یہودیوں کی تقریبات میں بجایا جاتا ہے۔ پہلے جنگ کے لئے استعمال ہوتا تھا۔

Short accent : سُر کو زور دے کر ذرا سا بجانا۔

Short Octave and Broken Octave : سپتکوں کو مجموعوں کے جدا جدا سُروں میں بجانا۔

Shutter : ارغنوں کے نلکی خانے پر آواز کو اونچا یا دھیما کرنے کے لئے لگایا ہوا ڈھکنا۔

Side-Drum : جاز یا فوجی بینڈ یا طائفے میں دور خا چھوٹا ڈھول جو پہلے بجانے والے کی بغل میں لٹکا ہوا ہوتا تھا۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Sifflote(Ger.) : سیٹی بجانے والی بانسری جس سے اونچی آواز نکلتی ہے۔

Sight-Reading,sight singing : تحریری موسیقی دیکھ کر گانا۔ پڑھ پڑھ کر گانا۔

Signal Horn : بگل۔

Signature-Tune : ٹیلی وژن یا ریڈیو پر مخصوص شناختی دھن۔

Silver Band : برطانیہ: چاندنی کے پترے چڑھے سازوں کا طائفہ۔

Similar Motion : دو گائک یا طائفے کا سُر تال کے حساب سے یکساں سمت میں گانا۔

Simile,Simili(It.) : بالکل ویسا ہی۔ ہدایت: کسی قطعۂ موسیقی کو اس کے متوازی قطعہ کے عین مطابق پیش کرنے کی۔

Simple Time : ایک کھنڈ میں، دو تین یا چار ماتروں کی چال۔

Sinfonia(It.) : 1: مختلف سازوں کے لئے ترتیب دی ہوئی موسیقی۔
2: بیروک دور 17 ویں صدی، 18 ویں صدی کی موسیقی میں اوپیرا وغیرہ کی تمہید کے طور پر مرتب کیا ہوا سنگیت۔

Sinfonietta(It.) : مختصر، سادہ سازینہ۔

Sing : گانا، نغمہ سرائی۔

Sing-along : کسی گانے کو ساتھ ساتھ دہرانا، آواز سے آواز ملانا۔

Sing up : گانے میں آواز نیچی نکالنا۔

Sing saw : musical saw وائلن کے گز سے بجانے والا خمیدہ آری نما ساز۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Singsong : 1: اونچی اور دھیمی سطح میں بولوں کی تکرار۔
2: اس طرح سے گانا۔
3: (برطانیہ) گانے کی ایک غیر رسمی محفل۔

Sinistra(It.) : دائیں ہاتھ سے، دائیں طرف۔

Sino(It.) : اختتام تک، دوسرے نشان تک۔

Sistrum : ایک کھٹکنے والا قدیم مصری ساز جو خصوصاً بہار کی دیوی آئی سس کی پوجا میں بجایا جاتا ہے۔

Sitar : ایک تاردار ہندوستانی ساز جس پر انیس کلیدیں ہوتی ہیں جن کے ساتھ تار تن کر رہ جاتے ہیں۔ ان کلیدوں کو سُر کے درجہ کو خالص بنانے کے لئے گھمایا جاتا ہے۔ اس کے سات اہم تار ہوتے ہیں جن کے پیچھے بہت تار ہوتے ہیں جن کو چھو کر شرین گونج پیدا کی جاتی ہے۔ اسے مضراب سے بجایا جاتا ہے۔ یہ ایک انفرادی ساز ہے۔ ستار نواز کی بھی بندش ہوتی ہے جسے گت کہتے ہیں۔ تین قسم کے گت مشہور ہیں: امداد خانی، سعد خانی اور رضا خانی۔

Sixteenth : نصف لرزش کے برابر طول کی ماترا کا جزو جو تحریری موسیقی میں ایک بڑی بندی سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اسے سولہواں سُر بھی کہتے ہیں۔

Sixth : چھ مسلسل یا بالترتیب C تا A سُروں پر مشتمل ٹکڑا یا وقفہ۔ کوئی سُر جو اس وقفہ کے برابر فصل رکھتا ہو۔

Sixty-Fourth Note : نصف کے مساوی سُر جسے چونسٹھواں سُر بھی کہتے ہیں۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Sizzle Cymbal : چھن چھن بجنے والی جانجھ۔

Sketch : سادہ سانغمہ۔

Slancio(It.) : ہدایت: جوشیلے، پھرتیلے انداز میں۔

Slargando, : ہدایت: رفتار سست کرتے ہوئے۔

Slargandosi(It.)

Slentando(It.) : رفتار کم ہوتی ہوئی۔

Slide : ایک سُر سے دوسرے سُر تک بغیر وقفہ چلے جانا۔

Slider : دوسُروں والے سُر کی ایک قسم۔

Slur : (الف) موسیقی کی تحریر میں وہ منحنی لکیر جو سُروں کو ایک دوسرے سے ملاتی ہے۔ عموماً ایسے سُر ہموار طریقے سے ادا کیے جاتے ہیں۔ یہ سُر کمانچہ کی ایک ضرب، اور پھونک سے بجانے والے ساز پر ایک سانس میں ادا کیے جاتے ہیں۔

(ب) سُروں کو ملا کر ایک ماترے میں ادا کرنا۔

Smanioso : ولولہ انگیزی کے ساتھ۔

Smorzando : آہستہ آہستہ دھیما ہوتا قطعۂ موسیقی یا اختتامی ٹکڑا۔

Soft Pedal : پیانو میں ایک تختی جس کے ذریعہ سُر کو کومل بنایا جاتا ہے۔

Soggetto(It.) : موسیقی کا موضوع۔

Soh,Sol : (تان سول میں) کبیر سرگم کا پانچواں سُر۔ متعین آٹھ سُروں کے سرگم کا پنچم۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Sol-fa/Solmization : doh re کے مثل سرگم سارے گا ما پا دھانی سا کے me وغیرہ بول یا علامات عموماً متعین doh سسٹم جن میں doh re me fa soh la te بطور C۔ doh ترتیب یا سول فا میں بنیادی سُر۔

Solfeggio : موسیقی ارکان یا سُروں میں سول فا۔ موسیقی کی تحریر پڑھ کر ریاض یا مشق کرنا۔

Soli(It.) : سولو کی جمع۔ ایکل گائیکی۔

Solo : اکیلا گانا۔ تنہا گانا یا بجانا۔ ایکل گائیکی۔

Soloist : ایکل گایک یا اکیلا کلاکار۔

Solo Organ : دستی یا کوئی دوسرا ارگن جس میں ایک پرزہ اکیلی گائیکی کی سنگت کے لئے ہوتا ہے۔

Solo Pitch : ساز کو معمول کی آواز کی سطح سے ملانا آواز میں عمدگی پیدا کرنے کے لئے۔

Solo Stop : ارغنوں کا پرزہ جو اکیلی گائیکی کی سنگت کے لئے خاص طور پر موزوں ہے۔

Sonata : ایک یا دو سازوں کے لئے ترتیب دی گئی موسیقی، یگانہ یا دگانہ (خصوصاً پیانو کے لئے)۔ عموماً کئی گیتوں پر مشتمل جن میں سے ایک دھن (اکثر پہلی) یا زیادہ سوناٹا کی شکل میں۔

Sonata da Camera(It.) : گرجا گھر میں موسیقی میں سوناٹا۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Snoata Form : تین حصّوں پر مشتمل موسیقی کی ایک بندش (یعنی مکھڑا، اٹھان اور دہراون) جس میں دو استھائیاں ہوتی ہیں۔

Sonata Rondo : ایک ایسی حرکت جس سے سوناٹا اور رونڈو (ایک دھن جس میں ٹیپ کے سُر دہرائے جاتے ہیں، خصوصاً اکہرے ساز یا پورے سنگیت کے آخری مرحلے میں) کو ملایا جاتا ہے۔

Sonatina(It.) : ایک مختصر سوناٹا، یگانہ یا دگانہ۔

Song : گیت جس میں استھائی اور انترہ ہو۔ موسیقی کے لئے ڈھالے ہوئے بول۔

Song Cycle : رومانی موضوعات پر نغمات کا سلسلہ۔

Song-form : ساز پردی ہوئی سادہ ترتیب نغمہ۔

Songsmith : نغمہ ساز، موسیقیار، گانے کی کتاب کا عنوان۔

Songster : موسیقار، مغنّی، گوّیا، گائک۔

Song-Writer : نغمہ ساز۔

Sonoferios : پرصدا، صوت دار، آواز دار۔

Sonore(Fr.)/Sonorous : بلند، بھاری یا گھمبیر آواز والا۔ گونج دار، بلند آہنگ آواز۔

Sonoro(It.)

Sons bouches(Fr.) : بھونپو بجاتے میں مدھم کیے ہوئے سُر۔

Sopra(It.) : اوپر، کسی تار والے ساز کے تار کے اوپر۔

Sopranino(It.) : سوپرانو سے بھی اونچی آواز نکالنے والا ساز خصوصاً نفیری یا سیکسوفون۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Sopraninous : سوپرانو سے بھی اونچی آواز نکالنے والا ساز خصوصاً نفیری نما یا سیکسوفون۔

Soprano : (الف) گانے میں سب سے اونچی آواز۔
(ب) اس آواز میں گانے والی عورت یا لڑکا۔ اپنی قسم کا سب سے اونچی آواز والا ساز۔ اس ساز کا سازندہ یا اس آواز کے لئے ترتیب دی جانے والی موسیقی۔

Soprano clef : تحریری موسیقی کی آواز کی اونچائی کے درجہ کو ظاہر کرنے والی متروک علامت۔

Sordino,sordina : گنگ، گز سے بجانے والے سازوں میں لگی ہوئی ایک کلید جو آواز کو دھیما کرنے کے کام آتی ہے۔

Sospirando/
Sospirante/
Sospiroso(It.) : طرز میں غمناکی، حزنیہ طرز۔

Sostenuto(It.) : ہدایت: سُروں کو جم کر یا طول یا کھینچ کر ادا کرنے کی۔

Sotto Voce(It.) : سب سے پست درجہ آواز خصوصاً لحانی یا ساز کی جو مشکل سے سنائی دے۔

Soubasse : وائلن کے طرح کے سازوں کی سب سے نچلی آواز اور سب سے بڑی آواز پیدا کرنے والا پردہ۔

Sound-board : گمک پٹی۔ ایک پتلی چوبی تختی جس پر پیانو وغیرہ کے تار گزرتے ہیں جن کی آواز ٹکرا کر گونجتی ہے۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Sound-body : گمکی ڈبا۔تاروں والے سازوں کا کھوکھلا حصّہ۔

Sound-holes : بعض تاروں والے سازوں کے خول میں بنا ہوا سوراخ۔روزنِ صوت۔

Soundpost : بعض تاروں والے سازوں کے پیٹے اور پشت کے درمیان ایک چھوٹی سی ٹیک یا پشتہ۔

Sourdine(Fr.) : گز یا دھونکنی سے بجاتے ہوئے ساز کو دھیما کرنا۔

Sousaphone : ایک بڑا سا برنجی دھونکنی سے بجایا جانے والا ساز جو بجانے والے کے گرد لپٹا ہوتا ہے۔

Soutenu(Fr.) : جم کر یا طول کھینچ کر۔طول دے کر یا طول دیا ہوا۔

Sphaerophon : جرمنی میں جان میگر کا بنایا ہوا ایک برقی ساز جو واحد سُر نکالتا ہے۔

Spianato,spianata : ہموار،ہموار کیا ہوا۔

Spiccato(It.) : جدا کیا ہوا۔ایک عمل جس میں کمانچہ سے بجائے جانے والے ساز کے تار پر کمانچہ کو تیز حرکتوں سے اچھلنے دیا جاتا ہے۔

Spinet : آڑے کسے ہوئے تاروں کا ایک قدیم ساز ہارپسی کورڈ۔امریکا میں ایک طرح کا چھوٹا کھڑا پیانو۔

Spinto(It.) : سوپرانو سے بھی اونچی آواز نکالنے کے لئے ساز کو تیار کرنا۔

Spitze(Ger.) : نوک،کمانچہ کی نوک سے۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Sprechgesang(Ger.) : تقریر اور گانے کے درمیان ڈرامائی ادل بدل۔

Square : (آہنگ) سیدھا سادا شدہ نہ مخلوط۔

Square Piano : پیانو کی ایک ابتدائی قسم، چھوٹا اور کسی قدر لمبوترا۔

Squillante,squillanti(It.) : جھانجھ کو ڈھول بجانے کی چوب سے بجانا۔

Staccato(It.) : (الف) ایک ایک سُر کی الگ الگ وضاحت کرنے کا عمل۔

(ب) 1: اس طرح کی موسیقی کا قطعہ۔

2: جدا جدا لکھنے دار ادائیگی یا اس طرح کی پیش کش۔

Stacco mark : تحریری موسیقی میں جدا جدا ادائیگی کی بابت سُر پر ہدایتی نشان۔

Staff : پانچ متوازی افقی خطوط جن میں سے کسی دو کے درمیان آواز کی سطح ظاہر کرنے کے لئے سُر کی علامت درج کی جاتی ہے۔

Steam organ : نمائشوں وغیرہ کے میدانی طائفے کا ایک نرسل یا نلکیاں استعمال کرنے والا ارغنوں جو بھاپ سے چلتا اور کلید تختے سے یا سوراخ دار کارڈوں کے ذریعہ سے کام کرتا ہے۔

Steg(Ger.) : گھوڑچ پر یا اس کے نزدیک کمانچہ لانا۔

Stendendo(It.) : آواز کی رفتار کو تدریجاً دھیما کرتے ہوئے۔

Sterbend(Ger.) : خاموش ہوتا ہوا۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Steso(It.) : پھیلتا ہوا۔ رفتار کا بتدریج دھیما ہونا۔

Sticker : ارگن میں ہلکا چوبی ڈنڈا جو پیلٹ کو چلاتا ہے۔

Stierhorn : ازمنہ وسطیٰ کا بہت بڑا بگل جو جنگ میں استعمال ہوتا تھا۔

Stimme(Ger.) : آواز، انسانی آواز۔

Stinguendo(It.) : آواز کی رفتار کو تدریجاً دھیما کرتے ہوئے۔

Stirando,strato; stiracchiando(It.) : ملاحظہ ہو Ritardando

Stop : 1: ارغنوں میں لگی ہوئی نلکیوں کی قطار جنہیں قبضہ سے بجایا جاتا ہے۔

2: جس تار کو مرتعش ہونا ہو اس کی لمبائی کا تعین کرنے کے لئے اس پر انگلی رکھنا۔

3: وائلن وغیرہ کے تار سے انگلی صحیح نشان پر دبا کر مطلوبہ سُر نکالنا۔

4: (ارغنوں وغیرہ کی) بالائی لے کو مدہم کر کے سُر کو مدہم کرنا۔

5: ساز کے تار کو روک کر سُر نکالنے یا ندلنے کا عمل۔

Stradivari(stradivarius) وائلن یا کوئی اور تار کا ساز اٹلی کے Cremona کے رہنے والے Antonio Stradiari کا بنایا ہوا۔

Strain : موسیقی یا شاعری کا گہرا اثر یا جادو۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Strascicando(It.) : کھینچنا۔ وائلن وغیرہ بجانے میں ایک دوسرے پر رواں ہونا۔ پیانو بجانے میں مسلسل آہنگ اور منقطع آہنگ کے بین بین انداز۔

Street Piano : رمتے، سیلانی موسیقاروں کا پیانو، مشینی نوعیت کا۔

Streich(Ger.) : کمانچہ کی ضرب۔

Strepitoso(It.) : ہدایت: پورے زور سے بجانے کی۔

Stretto(It.) : ایک ساتھ کھینچنا، تیز رفتار لے میں۔

Strict Canon : ترجیعی دھن کو باری باری ایک ہی سطح یا امتداد پر مختلف اونچے نیچے سُروں میں ادا کرتے ہوئے ایک شعبہ کا دوسرے شعبہ کی نقل میں گانا۔

Strike : ساز کو چھیڑنا۔ ساز کے تار یا پردے کو چھونا۔

Srikeup : ساز کا بجنا شروع ہونا۔

String : تار، تانت۔

String Bass : گٹار کے قبیل کا بڑا ساز۔

String Instruments : تار والے ساز۔

Stringendo(It.) : ہدایت: سرعت سے بجانے کی، تیز ہوتی ہوئی لے کے ساتھ۔

String Quartet : چار سازندوں کا طائفہ یا ان کے لیے لکھی گئی موسیقی۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

String-toned stops : ارگن کی نلکیاں جن کے سُر کی آواز ایک تار دار ساز (گمبا) سے ملتی ہے۔

String Trio : تین سازندوں کا طائفہ عموماً دو وائلن نواز اور ایک چیلو نواز یا ان کے لئے لکھی گئی موسیقی۔

Strisciando(It.) : سیدھی یا الٹی سبک رواں سپتک۔

Stuck(Ger.) : کانسرٹ کا ایک قطعہ۔

Sub : خاص سُر یا اس سے نیچے کا سُر۔

Subharmonic : زیرِ موسیقی، نیم تعددی۔

Subdominant : کسی بھی سطح کی سپتک کا چوتھائی سُر۔

Subito(It.) : اچانک، سرعت کے ساتھ، فوراً، بغیر کسی وقفہ کے۔

Subject : مخلوط یا مرحلہ وار بندش میں اصل یا ٹیپ کا ٹکڑا۔

Submediant : کسی بھی سپتک کا چوتھا سُر۔

Sub-Octave Coupler : پیڈل ارغنوں میں وہ کپلر جو نچلی سپتک میں بجتے ہوئے سُروں کے مماثل سُر نکالتا ہے۔

Subtonic : سرگم کا ساتواں سُر، بنیادی سُر سے نچلا سُر۔

Sul.G(It.) : وائلن موسیقی میں استعمال ہونے والی اصطلاح جس کا مطلب چوتھی تار بجانا ہے۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Sul Ponticello(It.) : (الف)وائلن نواز۔

(ب)ہدایت: گھُرج کے نزدیک جتنا لے جاسکتے ہو کمانچہ لے کر ٹھنکے دار پراسرار آواز نکالو۔

Sul Tasto(It.) : ہدایت:(وائلن نواز کے لئے) پیلک کے اوپر سے گز گھما کر واضح آواز نکالنے کی۔

Suo(It.) : ہدایت: دوسرے قطعے کی ادائیگی کے بعد پہلے قطعے کی طرف لوٹ جانے کی۔

Super-Octave coupler : ارغنوں کی نلکی جو اونچی سپتک پر بجائے جانے والے سُروں کے مماثل سُر نکالے۔

Supertonic : بنیادی سُر سے اونچا سُر۔فوق کھرج۔

Suspend : ایک تار کی آواز کو دوسرے تار کی آواز سے ملا دینا۔

Suspension : کسی سُر پر اتنی دیر تک رکنا کہ اگلے سُر کے ساتھ مل کر بے آہنگ ہو جائے۔

Swell : آواز کی اونچائی۔ارگن میں وہ صندوق جس کی نلکیوں کے کھولنے بند کرنے سے سُر کو اونچا نیچا کرتے ہیں۔

Swell Organ : ارغنوں کا نلکیوں والا بند خانہ۔

Swing : موسیقی کا کوئی ٹکڑا جھوم جھوم کر ادا کرنا۔

Sympathetic Strings : گونج پیدا کرنے والے تار۔

Symphonic : بڑے پیمانے پر مخلوط سازوں کے سنگیت سے متعلق۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Symphonist : سمفنی ترتیب دینے والا۔

Symphony : وسیع پیمانے پر ترتیب دیا ہوا تفصیلی سازینہ جس میں کئی دور آتے ہیں۔

Symphony orchestra : وسیع پیمانے پر سمفنی کے لئے ترتیب دیا ہوا سازینہ۔

Syncopate : تال میں تبدیلی کرنا؛ دھیمی تال کو تیز یا تیز تال کو دھیما کرنا۔

❖❖❖

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

T

t	:	te(سُر بندی میں) بڑی یا شدھ سپتک کا ساتواں سُر۔
Tabla	:	ہندوستانی موسیقی کا ایک آلۂ تال جس کے دو حصے ہوتے ہیں جنہیں دایاں اور بایاں یا زیر بم کہتے ہیں۔ اسے انگلیوں اور ہتھیلی کی تھاپ سے خاص طریقے سے بجایا جاتا ہے۔
Tablature	:	تحریری موسیقی یا سُر نویسی کی ایک شکل جس میں اعداد اور حروف سے کام لیا جاتا ہے، خاص کر بربط بجانے میں۔
Tabor	:	(تواریخ) نفیری وغیرہ کے ساتھ بجایا جانے والا دف، دفلی، چھوٹا طبلہ۔
Tacet(Lat.)	:	کسی خاص آواز یا ساز سے متعلق (بطورِ ہدایت) خاموش، بے آواز، موقوف، خارج کرنا۔
Tactus(lat.)	:	پندرہویں اور سولہویں صدی میں ضرب کے لئے استعمال ہونے والی اصطلاح یہ ضرب مکمل سُر کے برابر ہوتی ہے۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Tafelmusik(Ger.) : ظہرانے یا عصرانے کے دوران یا اس کے بعد بجنے والی موسیقی۔

Tail : موسیقی کا آخری ٹکڑا۔

Taille(Fr.) : درمیانی درجہ خاص کر tenor اور اس سطح کے لحانی اور سازوں کی آواز کا پرانا نام۔

Takt(Ger.) : وقت، ضرب، پیمانہ۔

Tala : تال، ہندوستان میں رِتھم کا نظام۔

Talon(Fr.) : کمانچہ کی ڈھبری۔

Tambour : طنبورہ۔

Tamboura : تان پورا، تار کا ایک ہندوستانی ساز جو ایک ہی بنیادی سُر بجاتا ہے۔

Tambourin(Fr.) : پراوینس میں رائج ایک لمبوترا ڈھول۔ طنبورین کی تالوں کے ساتھ ناچ یا دھن یا اس طرح کی موسیقی۔

Tambourine : ایک قسم کا گول دف جس کے حاشیے میں جھنجھنانے والے دھات کی پترے لٹکے ہوتے ہیں۔ خنجری۔

Tampon(Fr.) : ڈھول بجانے کی چوب۔

Tam-tam : بڑا برنجی گھنٹا۔

Tangent : کلاوی کارڈ یعنی ایک چھوٹے کلیدی تختے والے ساز جو پیانو سے ملتا ہے اس کا ایک پرزہ، دھات کی زبان جو تار سے ٹکرا کر سُر پیدا کرتی ہے۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Tanto : ہدایت: بس اس قدر اس سے زیادہ نہیں۔

Tarbouka : گلدان نما ڈھول۔

Tardo, tarda(It.) : آواز کا بتدریج کم ہونا۔

Tarogato : واحد پیپے والا مخروطی شکل کا ایک پھونک سے بجانے والا ساز۔

Taste,Tasten(Ger.) : کلیدی تختے والے ساز کی کلید یا کلیدیں۔

Tasto Solo(It.) : گھمبیر سُروں میں بجنے والی موسیقی میں یہ ظاہر کرنا کہ کسی ہارمونی یا توڑے کے بغیر سارے سُر نچلی آواز کے ساز بجائیں۔

Tattoo : ڈھول کی ضربیں یا ٹکور۔ سپاہیوں کو بارک میں بلانے کے لئے شام کے وقت بجنے والا بگل اور ڈھول۔

Teller(Ger.) : مجیرے کی رکابی۔

Tema(It.) : ملاحظہ ہو Theme

Temper : سُر ٹھیک کرنا۔ ہم آہنگ بنانا۔

Temperament : سُروں کی درستی، سُر ملانا یا ٹھیک کرنا۔

Tempo,Tempi(It.) : تال، ٹھیکا، سُروں کا درمیانی وقفہ جو موسیقی کی چال متعین کرتا ہے۔

Tempo giusto : کامل رفتار میں۔

Tempo primo : ہدایت: اصلی رفتار کی طرف لوٹنے کی۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Temps(Fr.) : تال، سم، ضربہ گام۔

Tenebroso(It.) : حزنیہ، اداس، غمناک۔

Tenedo(It.) : کسی سُر کو کھینچنے کا تاثر، خصوصاً برقی آلات موسیقی میں۔

Tenero(It.) : دردمند، گداز، اثرپذیر۔

Tenor : 1:(الف) مردانہ پاٹ دار آواز کا اونچا سُر۔

(ب) اس آواز میں گانے والا مغنی۔

(ج) اس آواز کے لئے مرتب کی جانے والی موسیقی۔

2:(الف) کوئی ساز خصوصاً وایولا، ریکارڈر یا سیکسوفون جس کا صوتی پیمانہ کم وبیش اس آواز سے مطابقت رکھتا ہے۔

(ب) Tenor bell: گھنٹیوں کی قطار میں سب سے بڑا گھنٹا یا اس کی باج۔

Tenor Clef : تحریری موسیقی میں نشانِ امتداد یا بلندی کی علامت جس کے اوپر سے دوسری سطر میں C درمیانی آتی ہے۔

Tenor Core : Mellophone، پھونپو کی طرز کا ایک ساز جو بجانے میں آسان ہے اور بھونپو کی جگہ کبھی بینڈ میں استعمال ہوتا ہے۔

Tenorist : مردانہ اونچی آواز میں گانے والا یا اس ساز سے مطابقت رکھنے والے ساز کا سازندہ۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Tenor Violin : ایک قسم کی بڑی ولایتی سارنگی۔

Tenuto(It.) : (الف) پوری طرح بجنے والا نہ کہ سرسری یا اچٹتا ہوا۔
(ب) اس طرح بجنے والا پورے ماترے یا ماتروں کا
سُر یا پورے ماتروں کی دھن۔

Ter : سابقہ بمعنی تین بار، سہ گانہ موسیقی کی اصطلاح میں۔

Ternary form : ایک دھن جس میں پہلا موضوعی قطعہ ایک درمیانی قطعے
کے بعد موافق کلید میں دہرایا جاتا ہے۔

Ter-etto : سہ صوتی گیت، تین آدمیوں کے مل کر گانے کی چیز۔

Tertian(Lat.) : میجر اور مائنر سوم کے امتداد پر تیار کیا گیا کوئی توڑا، کاؤنٹر
پوئنٹ یا قطعہ موسیقی۔

Terzetto(it.) : تین سازوں پر مشتمل سازینہ۔

Tessitura : انسانی آواز کی حدود، اتار چڑھاؤ کا پیمانہ۔

Tetrachord : (الف) چار سُروں کا ٹکڑا یا توڑا جن کے پہلے اور چوتھے
میں سالم "چار" کا فصل ہوتا ہے۔ (ب) چار تاروں والا
ساز۔

Texture : صوت یا سُروں کے تال کی خصوصیت یا انداز۔

Testudo : (قدیم موسیقی) ایک طرح کا بربط یا چنگ جسے سمندری
کچھوے کے خول سے بنایا جاتا تھا۔

Theatre Organ : بیسویں صدی کی دوسری اور تیسری دہائی میں سینما گھروں
میں لگائے گئے ارغنوں جو وقفہ کے دوران بجتے تھے۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Thematic/cal	:	موضوع نغمہ کا۔ترجیعی سُر۔
Thematic Material	:	نفسِ موضوع وغیرہ جس پر موسیقی کو ترتیب دیا جاتا ہے۔
Theme	:	موضوعِ نغمہ، خیال جو ادا کیا جائے۔ سُروں کی متواتر بندش، استھائی۔ترجیعی سُر۔
Theme and variation form	:	ظاہر کی گئی تھیم کے مختلف حصّوں کا ردوبدل کے سلسلے سے گزرنا۔
Theme Song	:	ترجیعی نغمہ۔
Thesis	:	ضربِ بالا۔قوی ضرب۔
Third	:	(الف) تین متواتر سُروں پر مشتمل ٹکڑی۔(ب) تین ماتراؤں کے وقفہ پر واقع سُر ڈائی ٹیونک اسکیل میں۔
Third Inversion	:	ہارمونی میں توڑے کی سطح کا تعین کرنے کے لئے جب چار سُرے توڑے کو پلٹ دیا جائے تو اس میں چوتھا سُر کھرج بن جاتا ہے۔
Third stream	:	جاز اور کنسرٹ کا اختلاط۔
Thirty-Second Note	:	سُر کے نصف معیاری طول سے آدھا وقت لینے والا سُر جو ایک بڑی بندی اور تین آنکڑوں والی کھڑی لکیر سے ظاہر کیا جاتا ہے۔اسے تیس سکینڈ والا سُر بھی کہتے ہیں۔
Thoroughbass	:	ساز کے پردوں یا کلیدوں پر کھرج والے نشان زدہ سُر۔
Three-four	:	چوتھائی سُر کی علامت (وقت اور آہنگ ظاہر کرنے والا)
Threnody	:	نوحہ، بین، مرثیہ، حزنیہ۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Tibia : ارغنوں میں ایک جیسے سُروں کی نلکیوں کا سلسلہ جن سے واضح کے بجائے مکمل سُر پیدا ہوتے ہیں۔

Tie : (الف) لکھے ہوئے سُروں کو نشان لگا کر مربوط کرنا۔(ب) دوسُروں کو ایک ماترا میں ادا کرنا۔

Tief(Ger.) : گہرا، مدہم، گہرائی تک پھیلا ہوا۔

Tierce : دواشٹک اور شدھ سُر کا وقفہ۔ کسی سُر اور اس کے بعد کے سُر کے درمیان کا فاصلہ یا ان دونوں کا میل۔

Timbal : (قدیم) ایک طرف سے منڈھا ہوا تاشہ، طبلہ۔

Timbre : طنین۔ آواز کی اونچائی یا گہرائی سے بالکل الگ اس کی انفرادی خصوصیت۔

Timbral : قدیم طنبورہ یا ویسا ہی منڈھا ہوا ساز۔ نیز بائیبل سے متعلق ایک عبرانی ساز جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ وہ طنبورہ کے مماثل تھا۔

Time : (الف) موسیقی کی متنوع ماتراؤں، وقفوں یا تالوں میں سے کوئی۔

(ب) کسی سُر کا وقفہ یا طول جسے سُروں یا سرتیوں کی علامات سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

Time Signature : آواز کی اونچائی یا سطح کے بعد تال کی کیلف صورت کی علامت جس میں نسب نما تالوں کو طویل سُر کی ایک کسر کے طور پر ظاہر کرتا ہے اور شمار کنندہ ہر خطِ میزان کے تحت ماتراؤں کی تعداد بتاتا ہے۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Timpani(It.) : نقارہ، دہل۔ تاشے، طنبورے۔

Tin-Whistle : دھات کا ایک پھونک سے بجانے والا ساز جس میں چھ سوراخ ہوتے ہیں۔ ایک طرح کا چھ سوراخوں والا الغوزہ۔ ٹین کی بانسری۔

Tiple(Sp.) : گانے میں سب سے اونچی آواز، اس آواز کا ساز۔

Ti Tzu : چین کی نے جس میں چھ سُوراخوں کے علاوہ ایک زائد سُوراخ مہین پارچہ یا کھال کے ٹکڑے سے ڈھانپا ہوتا ہے۔

Toccata(It.) : کلیدی تختے والے سازوں پر بجانے کے لئے ترتیب دیا ہوا نغمہ، خاص طور پر سازندے کی انگلیوں کی پھرتی اور فن کے اظہار یا آزمائش کے لئے۔

Togli(It.) : ارغنوں کی موسیقی میں ختم کرنا، خاموش کرنا۔

Tom-tom : 1: ایک قدیم تاشہ جسے ہاتھ سے بجاتے تھے۔
2: لمبا، اونچا طبل جو جاز کے طائفوں کے ساتھ ہوتا ہے۔
(ہند: ڈم ڈم۔)

Tonal : دوگانے یا سنگیت میں موضوعی دھن یا استھائی کو اسی اشٹک میں مختلف سطوں پر دہرانے سے متعلق۔

Tonality : (الف) سپتک یا اشٹک کے سُروں کی باہمی نسبت۔
(ب) کسی ایک اشٹک پر بندش کی بنیاد۔

Tonart(Ger.) : راگ، سپتک، کلید۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Tondichter(Ger.) : موسیقی کا ترتیب کار۔

Tone : (الف) سُریلی آواز، سُر بلحاظِ سطح قسم اور زور تان۔
(ب) آواز کے اتار چڑھاؤ کی کوئی خاص نسبت پیدا کرنے کا عمل۔

Tone arm : ریکارڈ بجانے والی مشین کی تھالی پر ٹکانے والی سوئی کا بازو۔

Toneburst : صوتی آلات کو جانچنے کے لئے کیا جانے والا صوتی اشارہ یا صوتی بول۔

Tone-Cluster : امریکا: سُروں کا مجموعہ۔

Tone-Colour : آواز کی خصوصیت، کیفیت۔ طنین۔

Tonguing : پھونکنے والے ساز سے زبان کے ذریعہ بعض سُر واضح طور پر ادا کرنا۔

Tonic : سپتک کا پہلا سُر۔

Tonic Accent : تانی بل، کسی جزو کلمہ کے اندر سُر یا تان کی تبدیلی سے آنے والا بل۔

Tonic sol-fa : تانی سول فا، ایک بندش جس میں بڑے یا میجر اسکیل کا کھرج سُر doh چھوٹے اشٹک کا lah ہوتا ہے، خصوصاً سکھانے کے لئے۔

Tonkunst(Ger.) : فنِ موسیقی۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Tonometer : سُر ملانے کا نٹا یا کوئی اور اوزار جس سے سُر کی امتداد (سطح) کو جانچا جاتا ہے۔ سُر پیا۔

Tonus : مائنر سکیل کے لئے ازمنہ وسطیٰ کی اصطلاح۔

Peregrinus(Lat.)

Tosto(It.) : سرعت کے ساتھ، فوراً۔

Touch : کلیدی تختے والے سازوں میں کلید سے سُر نکالنے کے لئے اس پر دباؤ ڈالنا۔

Toye : سولہویں اور سترہویں صدی میں بربط، گٹار سیکھنے والے نو آموزوں کے لئے ہلکی ترتیب۔

Tracker : ارغنوں کی ساخت میں شامل ایک اتصالی ڈنڈا۔

Tract : رومن کیتھلک کلیسا و موسیقی ترانہ جو بعض دعاؤں میں ھللو (Alleuia) یاھو کی جگہ گایا جاتا ہے۔

Tranquillo(It.) : پرسکون، تسکین بخش۔

Transcription : کسی آواز یا ساز کے مطابق کسی دھن کی ترتیب۔ ایک ترتیب کو دوسری میں ڈھالنا۔

Transition : ایک پردے سے دوسرے پردے کی طرف رجوع کرنا خصوصاً اچانک اور ایک دم سے۔

Transposing Piano : پیانو یا ارغنوں وغیرہ جس میں سُروں کا زیر و بم میکانیکی طور پر بدلا جا سکتا ہے۔

Transposition : موسیقی کی ایک ترتیب کی آواز کی سطح دوسری میں ڈھالنا۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Transverse Flute : نے جو ترتیب موسیقی کے ٹکڑے میں شامل ہو مگر گوشے میں بجائی جائے۔

Trascinado(It.) : آواز کی رفتار کو بتدریج دھیما کرتے ہوئے۔

Trattenuto(It.) : کسی سُر کو کھینچنے کا تاثر خصوصاً برقی ساز میں۔

Trauer(Ger.) : حزنیہ، بہ اندازِ گریہ۔

Treble : 1: اونچی آواز کے لئے۔

2: soprano خصوصاً کسی ساز یا کسی لڑکے کی آواز کے لئے۔

Treble Clef : تحریری تختۂ موسیقی پر وہ کلیدی علامت جو نیچے سے دوسری پٹی پر G کو درمیانی C سے اوپر رکھتی ہے۔

Tremolando(It.) : گٹکری، ارتعاش، آواز یا ساز میں۔

Tremolo(It.) : اہتزاز، ارتعاش، گٹکری، ساز یا آواز میں۔

Tremulant : لرزتا ہوا سُر یا ساز۔

Triad : تین سُروں کا مجموعہ۔

Triangle : غیر معینہ آواز کا ایک تکونی آلۂ تال جو دھات کا بنا ہوتا ہے۔

Trill : گٹکری یا لرزتی آواز، اس آواز کو نکالنا۔

Trio : (الف) تین موسیقاروں کے لئے نغمہ۔

(ب) تین سازندوں کی سنگت۔

(ج) کوچک تال، سبک تال کے رقص میں عموماً ٹکڑا۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Triple Counterpoint : دوسری دھنوں کی سنگت میں گائی یا بجائی جانے والی موسیقی کے تین ٹکڑے کہ کوئی بھی ٹکڑا اصل اشٹک سے دوسری اشٹک میں منتقل ہو سکے۔

Triple-croche(Fr.) : سُر کے نصف معیاری طول سے آدھا وقت لینے والا سُر جو ایک بڑی بندی اور تین آنکڑوں والی کھڑی لکیر سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اسے تیس سکینڈ والا سُر بھی کہتے ہیں۔

Triplet : تین کا مجموعہ، خصوصاً دو تالوں میں تین سُر۔

Triple Time : تین ماتراؤں کی تال۔

Triste : غمگین، افسردہ، ایسی کیفیت پیدا کرنا۔

Tritone : تین سرتیوں کا وقفہ۔

Tromba(It.)Trombone : 1: (الف) ایک پھونکنے والا بڑا برنجی ساز، ترم، بھونپو۔
(ب) اس کا بجانے والا۔
2: ارغنوں کا ایک پردہ جس میں سے ترم کی سی آواز نکلتی ہے۔

Trombonino(It.) : اونچی آواز کا ترم۔

Trommel(Ger.) : اونچی آواز کا ڈھول۔

Trompete(Fr.) : ترم، بگل، بھونپو۔

Troppo(It.) : ہدایت: تیز تال کے ساتھ نہ کہ بہت تیز تال کے ساتھ گانے یا بجانے کی۔

Trumpet : ترم، بگل، پھونکنے والا برنجی ساز، بھونپو۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Trumpet Marine : ایک قسم کا اکتارا ساز جس کی آواز نفیری سے ملتی ہے، بھونپو۔

Tuba : 1:(الف) نیچی بھاری آواز کا برنجی منہ سے پھونکنے والا بھونپو نما باجا۔
(ب) اس کا بجانے والا۔
2: ارغنوں کا توبا کی طرح آواز نکالنے والا پردہ۔

Tubular Bells : موسیقی کے طائفے یا سازینے میں شامل ایک ساز جس میں دھاتی نلکیوں کی جھالر لٹکتی ہے جنھیں ایک موگری سے چھیڑا جاتا ہے۔

Tucket : (قدیم) نفیریوں، نرسنگوں وغیرہ کا مختصر نمائشی شور یا لہرا، رسمی مواقع پر پھونکا جانے والا۔

Tune : 1: سُر، آہنگ، سُریلا۔
2: ساز کے ساتھ سُر ملانا۔

Tuning : ساز کے سُر ملانا، سُر ملائی۔

Tunig Bar : سُر ملانے کا آلہ۔

Tuning Coil : سُر کا کوائل، سُر کا لچھا۔

Tuning Condenser : سُر کا مکثفہ، کنڈنسر۔

Tuning Cone : ایک کھوکھلا دھات کا مخروطی شکل کا آلہ جو ارگن باجے کا سُر ٹھیک کرنے میں کام آتا ہے۔ ارگن باجے کی تری یا نے درست کرنے کا اوزار یا کانٹا۔

Tunig Crook : پیتل کا ہوا باجا۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Tunig Fork : سازندوں کا دوشاخہ آہنی اوزار جو چوٹ لگانے پر ایک خاص سُر نکالتا ہے جس سے ساز کی درستی میں مدد ملتی ہے۔

Tuning Hammer : سُر ٹھیک کرنے یا ملانے کی کنجی یا سنسی جس سے پیانو وغیرہ کی کھونٹیاں گھما کر تار کستے اور ڈھیلا کرتے ہیں۔ کلیدِ سُر۔

Tuning-peg : ایک کھونٹی جس کے چاروں طرف قلابہ دار آلے کی ڈوریاں گزاری جاتی ہیں اور سُر ٹھیک کیے جاتے ہیں۔

Tuning Slide : دھات کے ہوا باجے میں سلائڈ جو دوسرے باجوں کے ساتھ سُر ملانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Turn : اصل سُر اور اس کے اگلے پچھلے سُر کو ملا کر آرائشی توڑا۔

Tutti : پورے سازوں کے ساتھ مکمل سنگت کے لئے۔ اس طرح بجائی جانے والی دھن۔

Twang : تار کے سُر کی آواز۔ ستار وغیرہ اناڑی پن سے بجانا۔ ستار کا ہلکے سے بجانا۔

Twiddle : ساز کو شغلاً چھیڑنا، ٹن ٹن کرنا یا درستی کے لئے آزمائشی سُر نکالنا۔

Twelfth : ہشتک اور پانچویں سُر پر مشتمل ٹکڑا، گت۔ ہشتک اور پانچویں سُر پر مشتمل ٹکڑا، گت۔ دو سُروں کے درمیان اس قدر وقفہ یا دہ سُر۔

❖❖❖

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

U

Uilleann Pipes : آئرستان کا بیک پائپ جسے بجانے والے کے بازو کے نیچے دھونکنی سے ہوا بھر کر بجاتے ہیں۔

Ukelele : جزائر ہوائی کا چھوٹا چار تاروں والا گٹار۔

Umstimmen(Ger.) : کسی خاص طریقے سے سُر، ساز ملانا۔

Una Corda : ایک تار، پیانو بجاتے ہوئے سافٹ پیڈل (ایک تختی جس کے ذریعہ آواز کو کومل بناتے ہیں) دبا کر آواز کو دھیما کرنا۔

Unbarred : مسلسل نغمہ۔

Unessential Note : اصل (وادی) سُر سے پہلے لگائی جانے والی سرتی جو عموماً نصف ماترا کی ہوتی ہے۔

Unison : 1: (الف) یک آہنگی، آوازوں یا سُروں کے زیر و بم کی ہم آہنگی۔

(ب) سازینہ بطور وقفہ۔

2: آوازوں یا سازوں کا ملاپ، سنگیت۔ زیر و بم لے لحاظ سے یک آہنگی۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Unison Stop :	آرگن کا ایک ہرنا۔
Unison String :	پیانو کا تار جو دوسرے تاروں سے ہم آہنگ ہو۔ سُر ملائے ہوئے یک آہنگ تار، جس کی باج کسی دوسرے تار کے عین مطابق کرلی گئی ہو، مساوی تعدد کے تار۔
Unison Time :	جسے یکساں سُر میں گایا جائے۔
Unison-tuning :	پیانو کے تار سے نکلا ہوا سُر یا آواز جو ہم آہنگ ہو۔ ساز میں سُروں کو درست کرنا۔
Unisonal :	ہم آہنگ، سُر میں یکساں۔
Unisonally :	سُر میں یکساں طور پر۔
Unisonance :	ہم آہنگی، ہم آہنگ آواز۔
Unisonant :	ہم ساز، ہم آہنگ، سُر میں یکساں۔
Unisonous :	ایک سُر میں، ہم ساز۔
Un poco(It.) :	ذرا سا۔
Unprepared Suspension :	بلا ارادہ کسی سُر پر اتنی دیر تک رکنا کہ اگلے سُر کے ساتھ مل کر بے آہنگ ہو جائے۔
Unterwerk(Ger.) :	بڑے ارغنوں کا سب سے کومل حصہ جس کی کلیدیں ارغنوں کے تین حصوں میں سب سے نیچے ہوتی ہیں۔
Untransposed :	نغمہ جسے کسی اور آہنگ میں نہ بجایا گیا ہو، جس کا سُر نہ بدلا گیا ہو۔
Untunable :	بے سُرا، بے آہنگ۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Untunableness : بے سُراپن، کرختگی۔

Untune : بے سُرا کرنا، بے تال کرنا۔

Untuned : جس کا سُر درست نہ کیا گیا ہو۔

Upbeat : تال جس پر زور نہ دیا گیا ہو۔

Upper Mordent : آلے کی آرائش کا ایک طریقہ یا ادائیگی کا انداز، تحریری یا معین سُر کو اس کے نچلے سُر کے ساتھ تیزی سے بدلنا، درت سُر کمپک۔

Upper Partials : بالائی اجزا، کسی غنائی صدا بندی کے عناصر ترکیبی میں سے کوئی، سپتک کے سب سے نچلے سُر سے اوپر مقررہ سطح پر واقع دوسرا، تیسرا اور چوتھا سُر اور اونچے سُر یا تانیں۔

Upright Piano : پیانو جس کے تار افقی کے بجائے عمودی ہوتے ہیں۔

Urtext : کسی کلاسیکی موسیقانہ ترتیب کا اصلی متن جس میں ردوبدل کے بغیر نئی طرز بنائی جائے۔

❖❖❖

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

V

V	:	viola کا مخفف۔
Vagans	:	موسیقی کے کسی پانچ رکنی طائفے کے فرد کی آواز جو انفرادی ہو کر بھی دیگر چار افراد کی آواز کے ساتھ مربوط رہتی ہے۔
Value	:	صوت کا دورانیہ۔
Valve	:	صمامہ۔
Valve Instrumente	:	وہ ساز جن میں صمامہ لگا ہو، پیتل کے بنے ہوئے ساز جیسے نفیر، نرسنگا، ترم وغیرہ کچھ کو چھوڑ کر۔
Vamp	:	چھوٹا، سادہ تعارفی ٹکڑا جسے عام طور پر کئی دفعہ دہرایا جاتا ہے، بشرطیکہ اس کے برعکس ہدایت نہ ہو، مکھڑا۔
Vamp till cue	:	ہدایت: جب تک دوسرے قطعہ کی طرف جانے کا اشارہ نہ ملے موجودہ قطعہ پر قائم رہنے کی۔
Variant	:	کسی ٹکڑے کی غیر موافق نقل۔ میجر سے مائنر کی طرف اچانک منتقلی۔
Variation	:	ادیگی میں حسب گنجائش تصرف۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Vaudeville : گیت ناٹک، ہلکے پھلکے موضوع پر اسٹیج پر کیا جانے والا کھیل جس کے درمیان متعدد گانے ہوں۔طنز یا موضوعاتی گیت جس میں ٹیپ کا بند بار بار دہرایا جائے۔

Velce,velocemente : (الف) آلۂ تال پیما۔

(ب) ہدایت: بہت تیز رفتار میں گانے یا بجانے کی۔

Velocita : رفتار، سرعت کے ساتھ۔

Velocissimo : جس قدر ممکن ہو اس قدر سرعت کے ساتھ۔

Venite : مزمود داؤدی آیت پچانوے پر مبنی مناجات کی دھن۔

Vent(Fr.) : پھونک سے بجانے والے ساز۔

Ventil : 1: ہوئی صمامہ۔ پھونک سے بجائے جانے والے ساز کا صمام۔

2: ارگن میں ہوا کی آمد وشد میں باقاعدگی پیدا کرنے کے لئے کوئی پردہ یا پتری۔

Verdoppeln(Ger.) : دوگنا کرنا۔

Verhallend(Ger.) : مدہم ہوتا ہوا۔

Verlierend(Ger) : ختم ہوتا ہوا۔

Verchiebung(Ger.) : دھکیلنا۔ پیانو میں لگی ایک تختی جس کے ذریعہ آواز کو کومل بناتے ہیں۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Verschwindend(Ger.) : مدہم ہوتا ہوا۔

Verset(Fr.) : طرح بندی، ارگن ارغنوں کے لیے کوئی تمہیدی یا درمیانی وقفہ میں بجائے جانے والا ٹکڑا۔

Versetzung(Ger.) : کسی شناختی یا بندھی ہوئی دھن سے خفیف گریز کا اشارہ جو کسی سُر کو دبا کر یا تیز کر کے دیا جائے۔

Verzierungen(Ger.) : النکار۔

Via : اختتام، سکوت۔

Vibraharp : زائلوفون سے مشابہ برقی ساز، جاز میں اکثر مستعمل، جس میں لگی دھاتی نلکیاں جھنکار پیدا کرتی ہیں۔

Vibration : کسی سُر، آواز یا تار کا ارتعاش۔

Vibrato : لرزش، گاتے ہوئے یا ساز بجاتے ہوئے آواز کے زیر و بم میں خفیف تبدیلی جس سے لرزش کا تاثر ملتا ہے۔ Tremolo

Vide : (آلاتِ موسیقی کے بارے میں) کھلا ہوا۔ (موسیقی کی ہدایت میں) چھوڑا ہوا۔

Vielle : اسطوانی وائلن، ایک تار یا تانتوں سے کسا ساز جسے سارنگی کی طرح گز سے بجایا جاتا ہے۔

Viertel(note)(Ger.) : نصف ماترے کے ایک چوتھائی وقفہ کے برابر سُر جو عموماً ایک ماترا گنا جاتا ہے اور ایک عمودی لکیر پر ایک گھنڈی کی علامت سے ظاہر ہوتا ہے۔ اسے چوتھائی سُر بھی کہتے ہیں۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Vierundsechzigstel (note)(Ger.) : نصف کے مساوی سُر جسے چونسٹھواں سُر بھی کہتے ہیں۔

Vihuela : ہسپانیہ میں دورِ نشاۃ الثانیہ میں گٹار کی طرز کا ایک ساز۔

Villancico : ہسپانوی وائلونو سے ماخوذ، سولھویں صدی میں کرسمس کے موضوع پر ترتیب دی ہوئی موسیقی۔

Viol : سارنگی یا بیلا، از منہ وسطیٰ کا ایک تاروں والا ساز جسے ٹانگوں کے درمیان یا گھٹنوں پر عمودا رکھ کر گز یا کمانچہ سے بجایا جاتا ہے۔

Viola : رباب، وائلن کی قسم کا ایک ساز جو وائلن سے بڑا ہوتا ہے لیکن امتداد یا بم کم ہوتا ہے۔ ویولا نواز۔

Viola Alta : بڑا وایولا پانچ تاروں والا۔

Viola Bastarda : برطانوی ڈیویژن وایلو کا کانٹینٹل متبادل۔

Viola da Braccio(It.) : ایک قسم کا وائل جو جدید وایولا سے ملتا جلتا ہے۔

Viola da Gamba(It.) : وائل جسے ٹانگوں کے بیچ میں رکھ کر بجاتے ہیں۔ جدید چیلو سے ملتا جلتا ہے۔

Viola d'Amore(It.) : عشقیہ وایولا، مدھر سُروں والا دھیوٹ وائل۔

Viola Pomposa : وایولا کی قسم کا ایک بڑا ساز جس میں پانچ تار ہوتے ہیں اور جو موسیقی کے اونچے ٹکڑوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Violin : وائلن، بیلا۔

violinist : وائلن نواز۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Violinbogen(It.) : وائلن بجانے کا کمانچہ۔

Violin-Steg : وائلن کی پیلک، گھڑچ۔

Violone : bass ، دہرے یا گھمبیر سُروں والا وائل۔

Violoncello : وائلن چیلو۔ ایک قسم کا وائلن جو گھٹنوں میں دبا کر بجاتے ہیں۔

Virtuosity : الحانی اور آلاتی موسیقی میں مخصوص اثر پیدا کرنا یا اس کے اصولِ فن پر حد سے زیادہ توجہ۔

Virtuoso(It.) : فنِ موسیقی میں کمال مہارت رکھنے والا۔

Vite(Fr.) : ہدایت: رفتار میں تیزی کے ساتھ۔

Vivace : ہدایت : تیز رفتار چنچل پن کے ساتھ جھومتے، چہکتے ہوئے۔

Vivo(It.) : پرجوش انداز میں۔

Vocal : الحانی۔ موسیقی کی بندش کا وہ حصّہ جو گایا جائے۔

Vocalese : گانے کا ایک انداز جس میں گانے والے جاز کی دھنوں کے مطابق بول ادا کرتے جاتے ہیں۔

Vocalize : نوا سنجی، بولوں کے بغیر صرف لے کاری کی مشق۔ الاپ، موسیقی کا ایسا ٹکڑا جس میں سُر ہوں، لفظ نہ ہوں۔

Vocalism : نطقیت، بولتے یا گانے میں آواز کا زیر و بم یا برتاؤ۔

Vocalist : گویا، گائک یا گائکہ۔ گلوگار۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Vocal score	:	صوتی نوشت، لکھی ہوئی موسیقی جس میں گائے جانے والے حصّے پورے پورے درج ہوں لیکن ساتھ میں بجنے والے باجوں کا ذکر تھوڑا ہو یا سرے سے ہی نہ ہو۔
Voce di petto; voce di testa(It.)	:	مدہم اور گھمبیر آواز۔
Voice	:	کسی غنائی بندش کا وہ حصّہ جو گایا جائے۔ کسی مرکب غنایے کا ترکیبی جز۔
Voice leading	:	کاؤنٹر پوائنٹ اور تسلیم شدہ اصولوں کے مطابق میلوڈیانہ قطعہ (آوازوں) کا یک بُعدی، ہموار سلسلہ اور ان کے باہمی تعامل کو ظاہر کرنے والی اصطلاح۔
Voluntary	:	افتتاحی نغمہ یا سُر ملاپ جو اپنی مرضی سے گایا جاتا ہے۔ ارگن کا ایک نغمہ۔
Volante(It.)	:	اچھلتا ہوا، کمانچہ کی ضرب جس میں کمانچہ کو تار پر سے اچھلنا ہوتا ہے۔
Vox angelica	:	ارغنوں کا ایک پردہ جو مدہم، لرزتی ہوئی آواز دیتا ہے۔
Vox humana	:	ارغنوں کا ایک پردہ جس کی صدا کو انسانی آواز سے مشابہ خیال کیا جاتا ہے۔

❖❖❖

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

W

Weich(Ger.)	:	معتدل رفتار
Wenig(Ger)	:	ذراسا، کچھ زیادہ نہیں۔
Whole-tone Scal	:	ٹھاٹھ یا بندش جو مکمل سُروں پر مشتمل ہو اور جس میں آدھا سُر یا سرتی نہ ہو۔
Wind Band	:	ہوائی باجا، ہوائی باجے بجانے والوں کی کوئی ٹولی جو اپنے طور پر زمزمہ پرداز ہو یا کسی سازینے میں شامل ہو۔
Winder	:	بانسری یا بین بجانے والا۔
Wind Instruments	:	ساز جو ہوا سے بجتے ہیں۔
Wind Quintet	:	پھونک سے بجنے والے پانچ سازوں کے سازندوں کے لئے لکھی گئی موسیقی۔
Windwards	:	وہ آواز جس میں گانے کے وقت سانس بھی سنائی دے۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Wire Brush : ڈھول بجانے کی چھڑی کی ایک قسم جس کے سرے پر پانچ سخت تار ہوتے ہیں۔

Wolf : گز سے بجائے جانے والے کسی ساز سے پیدا ہونے والی بے سُری آواز۔ پرانے ارغنوں پر بعض تار بجاتے وقت بے سُرے پن کی کیفیت۔

Woodwind : سازینے کے وہ تمام سازوغیرہ جو پھونک کر بجاتے ہیں۔ یہ پہلے پہل زیادہ تر لکڑی کے ہوتے تھے مثلاً شہنائی، بانسری یا الغوزہ۔ اس قسم کا کوئی ساز بجانے والا۔

Wolno(Pol.) : ڈھیلے ڈھالے انداز میں، سست رفتار میں۔

❖❖❖

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

X

Zylophone

چوبی سنتور، ایک ساز جس میں لکڑی یا دھات کی
ڈنڈیوں پر لمبائی کے رخ نشان ڈال دیے جاتے
ہیں اور جسے چھوٹے چھوٹے چوبی ہتھوڑوں سے
بجایا جاتا ہے۔

❖❖❖

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Y

Yodel : عام سُریلی آواز میں گاتے گاتے باریک اونچے سُر میں
بے ربط تان لگانا، سوئیزر لینڈ کے پہاڑی لوگوں کی
طرح۔

❖❖❖

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Z

Zahlzeit(Ger.)	:	ضرب۔
Zamba(Sp.)	:	ارجنٹائن کا اسکارف ڈانس جس میں لحانی قطعہ کے ساتھ گٹار بجایا جاتا ہے، اس کا آغاز پیرو میں ہوا۔
Zambra(Sp.)	:	موریشیا کا رقص جس میں پھونک سے بجائے جانے والے ساز پر تالیوں سے تال دی جاتی ہے۔
Zampogna	:	منہ سے بجانے کا آرگن باجا۔ بین کی قسم کا ایک باجا جو اسکاچستان میں استعمال ہوتا ہے۔
Zanza	:	افریقیوں کا ایک ساز۔
Zaloso	:	ہدایت: جوش کے ساتھ زور وشور سے بجانے یا گانے کی۔
Zart(Ger.)	:	سبک، نرم۔
Zeichen(Ger.)	:	نشان، علامت۔

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Zeitmass(Ger.)	:	لے،تال،رفتار۔
Zelo,zeloso, zelosamente	:	ہدایت: جذبہ وجوش کے ساتھ گانے یا بجانے کی۔
Ziehen(Ger.)	:	طول دینا۔
Ziehharmonika(Ger.)	:	اکارڈین۔ایک تہ ہوجانے والا دھونکنی سے پھونکا جانے ولا ساز جس میں سُر نکالنے کے لئے بٹن ہوتے ہی۔
Zimbalon	:	بربط۔
Zither	:	چھ تارا ایک قسم کا ستار یا بربط جس میں لکڑی کے چپٹے اور لمبے بکس پر متعدد تار کھنچے ہوتے ہیں اور جسے انگلیوں سے بجایا جاتا ہے۔
Zitternd(Ger.)	:	لرزنا،تھرتھراہٹ۔گٹکری۔
Zwolfonmusik(Ger.)	:	بارہ سُری موسیقی۔

❖❖❖

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Dr. Shafaq Sopori is among the prominent poets of Urdu. He has been able to create his unique style among contemporary poets. He exhibits a craftsmanship of highest order. He is equally at ease while writing prose. His novels in urdu have earned him a place of eminence among fiction writers of Urdu. Dr. Shafaq has in addition a profound knowledge and appreciation of music. His scholarship in this field stands him out as a blend between poetry and music. He employs the melody in his recitation to a great effect. Dr. Shafaq Sopori has a number of anthologies to his name as also the works of fiction. His book on music has a reference status. His latest book on language of music, its terminology is a welcome addition on the subject.

Prof. Ayaz Rasool Nazki

EDUCATIONAL PUBLISHING HOUSE
New Delhi, INDIA

ISBN 978-93-91238-58-2
978-93-91238-58-2
www.ephbooks.com

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure

Dr. Shafaq Sopori is among the prominent poets of Urdu. He has been able to create his unique style among contemporary poets. He exhibits a craftsmanship of highest order. He is equally at ease while writing prose. His novels in urdu have earned him a place of eminence among fiction writers of Urdu. Dr. Shafaq has in addition a profound knowledge and appreciation of music. His scholarship in this field stands him out as a blend between poetry and music. He employs the melody in his recitation to a great effect.
Dr. Shafaq Sopori has a number of anthologies to his name as also the works of fiction. His book on music has a reference status. His latest book on language of music, its terminology is a welcome addition on the subject.

Prof. Ayaz Rasool Nazki

EDUCATIONAL PUBLISHING HOUSE
New Delhi , INDIA

ISBN 978-93-91238-58-2
978-93-91238-58-2
www.ephbooks.com

Digitized By e Gangotri and Kashmir Treasure